بسم اللہ الرحمن الرحیم

کتاب مستطاب

مجمع الفضائل

جلد اوّل

ترجمہ

مناقب علامہ ابن شہر آشوبؒ

مترجم

سید المفسرین ادیبِ اعظم

مولانا سید ظفر حسن صاحب قبلہ امروہوی

(مصنف دو سو سترہ (۲۱۷) کتب)

ظفر شمیم پبلیکیشنز ٹرسٹ (رجسٹرڈ) ناظم آباد ۲ کراچی

سے سرفراز فرماتے رہیں گے تو ہم جلد اپنی منزل مقصود پر پہنچ جائیں گے۔ وما توفیق الا باللّٰہ

دعاگو

احقر الزمن سید ظفر حسن نقوی

مترجم کتاب ہذا

جملہ حقوق محفوظ ہیں

ناشر .. .. ظفر شمیم پبلیکیشنز ٹرسٹ ناظم آباد ۵ کراچی

مطبع .. .. قریشی آرٹ پریس ناظم آباد ۲ کراچی

کتابت .. .. سید شبیہ الحسن نقوی امروہوی

سال اشاعت .. .. دسمبر ۲۰۰۲ء بار سوم

ہدیہ .. .. (۲۱۰) دو سو دس روپے

آپ کی صفات راکب الجمل ، آکل الذراع . قابل الھدیۃ ؛ محرم المیتۃ ، حامل الہراوۃ خاتم النبوۃ .

آنحضرتؐ کا نسب اور حسب

آپ کا اسم مبارک محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب ہے۔ عبد المطلب اس لیے کہتے ہیں کہ جب ہاشم مکہ میں داخل ہوتے تو یہ ان کے ردیف تھے۔ ان کا اصلی نام شیبۃ الحمد تھا یہ بیٹے تھے ہاشم کے اور ہاشم اس لیے کہتے ہیں کہ انہوں نے زمانہ قحط میں لوگوں کے لیے کھانا تیار کرایا تھا اور حشم شریک کیا تھا۔ اصلی نام عمرو بن عبد مناف ہے اور عبد مناف کا اصلی مغیرہ بن قصی ہے اور قصی اس لیے کہتے ہیں کہ یہ اپنے بچپن میں اپنے وطن سے مکہ سے بلاد دشوہ کی طرف منتقل کر دیئے گئے تھے ان کا لقب مجمع ہے کیونکہ انہوں نے قبائل قریش کو جو پہاڑوں اور گھاٹیوں میں منتشر تھے مکہ میں جمع کیا تھا اور ان کے لیے مکانات بنوائے تھے یہ بیٹے تھے کلاب بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر ملقب بہ قریش کے ان کے باپ حزیمہ بن مدرکہ بن الناس بن تزار بن معد بن عدنان ہیں حضرتؐ نے فرمایا جب میرے نسب میں عدنان تک پہنچو تو رک جاؤ اور یہ بھی فرمایا کہ نسابین جھوٹ بولتے ہیں۔ قاضی عبد الجبار بن احمد نے کہا مراد اس سے یہ ہے کہ اتصال انساب غیر معلوم ہے پس دو باتوں سے خالی نہیں یہ کاذب ہیں یا حکم کاذب ہیں، ہیں آپ کا سلسلۂ نسب حضرت ابراہیم سے جا ملتا ہے۔ ام سلمہ کہتی ہیں میں نے آنحضرتؐ سے سنا عدنان کے باپ کا نام اُدد تھا وہ بیٹے تھے زید بن ثرا بن عراق الثری کے اور عراق الثری اسماعیل بن ابراہیم ہیں اور نسابین اور مورخین نے یوں لکھا ہے عدنان بن ادد بن الیسع بن الھمیع بن سلامان بن نبت حمل بن قیدار بن اسمٰعیلؑ ابن بابویہ نے یہ یوں لکھا ہے عدنان بن ادد بن زید بن عدد بن لیقدم بن حمیسع بن نبت بن قیدار بن اسمٰعیل اسی طرح عدنان کے بعد ناموں میں اختلاف ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ آدم تک آنحضرتؐ کا ۴۹ پشتوں کے بعد پہنچا ہے آنحضرتؐ نے تہامی الشجی۔ یثربی مکی مدنی قریشی ہاشمی مطلبی ہیں باپ کی طرف سے ہاشمی اور ماں کی طرف سے زہری اور رضاعت کے اعتبار سے سعدی، ولادت کے اعتبار سے مکی اور شرف کے اعتبار سے مدنی تھے۔

آنحضرتؐ کے عادات و خصائل و حلیہ

ترمذی نے شمائل میں طبری نے اپنی تاریخ میں زمخشری نے فائق میں قفال نے روضہ میں بروایت کثیرہ امیر المومنینؑ ابن عباس ابوہریرۃ جابر بن سمرہ اور ہند بن ابی ہالہ سے نقل کیا ہے کہ آنحضرتؐ لوگوں کی نگاہوں میں معظم اور قلوب میں مکرم تھے آپ کا چہرہ چاند کی طرح